# 26347 ـ کیا مہمان آنے والی عورتوں کو خوشبو پیش کرنا جائز ہے ؟

**سوال**

سوال نمبر ( 7850 ) میں بیان ہوا ہے کہ عورت کے لیے خوشبو لگا کر نکلنا جائز نہیں، تو کیا اگر مجھے کچھ عورتیں ملنے آئیں تو کیا اپنے علاقے کی عادت کے مطابق میں انہیں خوشبو پیش کر سکتی ہوں ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

اگر وہ عورتیں آپ کے گھر سے نکل کر بازار نہ جائیں تو آپ انہیں خوشبو پیش کر سکتی ہیں، بلکہ وہ گاڑیوں میں بیٹھ کر اپنے گھر واپس چلی جائیں، یا پھر گھر قریب ہوں کہ مردوں کے ساتھ اختلاط نہ ہو، اور کوئی اجنبی مرد ان کی خوشبو نہ پائے.

لیکن اگر معاملہ اس کے خلاف ہو، تو آپ ان کے سامنے معذرت کرتے ہوئے انہیں بتائیں کہ عورت کا خوشبو لگا کر اجنبی مردوں کے پاس سے گزرنا جائز نہیں؛ کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا کرنے سے منع فرمایا ہے، اس لیے کہ اس میں فتنہ و خرابی پائی جاتی ہے.

اللہ تعالی سب کو وہ اعمال کرنے کی توفیق نصیب فرمائے جس میں اللہ تعالی کی رضا و خوشنودی ہے، یقینا اللہ تعالی سننے والا اور قبول کرنے والا ہے. اھـ .